ہے کہ ہم نے اس کو اپنے ہاتھ سے بنایا ہے۔ اور ہم ہی اس کے مالک ہیں۔ اور ہم نے ان کے لئے ان کو رام کر دیا ہے۔ پس ان میں سے بعض ان کی سواری کرتے ہیں اور بعض کو کھاتے ہیں۔ اور ان کے لئے ان میں بہت سے فائدے اور پینے کی چیزیں ہیں۔ کیا پھر بھی وہ شکر نہیں کرتے۔ اور انہوں نے اللہ کے سوا اور معبود بنا لئے ہیں تاکہ شاید ان کی مدد کی جائے۔ وہ ان کی مدد کرنے کی طاقت نہیں رکھتے۔ اور وہ ان کے لشکر ہیں جو حاضر کئے جائیں گے۔ پس ان کی بات تجھے غمگین نہ کرے۔ ہم جانتے ہیں جو کچھ وہ چھپاتے ہیں اور جو کچھ وہ ظاہر کرتے ہیں۔ کیا انسان نہیں دیکھتا کہ ہم نے اسے نطفہ سے پیدا کیا ہے۔ پھر وہ یکایک کھلا دشمن بن گیا۔ اور اس نے ہمارے لئے مثال بیان کی اور اپنی پیدائش کو بھول گیا۔ کہنے لگا کون ہے جو بوسیدہ ہڈیوں کو زندہ کرے گا۔ تو کہہ دے کہ وہی زندہ کرے گا جس نے پہلی بار پیدا کیا تھا۔ اور وہ ہر پیدائش کو خوب جانتا ہے۔ وہ جس نے تمہارے لئے سبز درخت سے آگ پیدا کی۔ پس تم اس سے آگ جلاتے ہو۔ کیا وہ جس نے آسمان اور زمین پیدا کئے ہیں اس پر قادر نہیں کہ ان جیسوں کو پیدا کرے۔ کیوں نہیں وہ بڑا پیدا کرنے والا اور بہت علم والا ہے۔ اس کا امر جب وہ کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے تو یہی ہوتا ہے کہ اسے کہتا ہے ہو جا پس وہ ہو جاتی ہے۔ پس پاک ہے وہ جس کے ہاتھ میں ہر چیز کی بادشاہت ہے۔ اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔